ماڈل پیپر "ایجوکیشن"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ　　　　کل نمبر: 15

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، C،B اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A،B،C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔ 15

(i) انسان کو معاشرتی حیوان سمجھتا تھا۔

(الف) ارسطو　(ب) علامہ اقبالؒ　(ج) حضرت امام ابوحنیفہؒ　(د) امام غزالیؒ

(ii) بچے کی تعلیم کا اولین مرکز ہے۔

(الف) گھر　(ب) سکول　(ج) محلہ　(د) مسجد

(iii) "رب زدنی علما" میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔ یہ دعا کس نے سکھائی؟

(الف) حضرت محمد ﷺ　(ب) حضرت امام غزالیؒ　(ج) اللہ تعالیٰ　(د) امام ابوحنیفہؒ

(iv) تعلیم کا سب سے اہم فریضہ ہے۔

(الف) تعلیم و تدریس　(ب) تدوین مقاصد تعلیم　(ج) اچھے امتحانی نتائج　(د) معاشرتی زندگی کی تشکیل نو

(v) جو چیز تجربے اور مشاہدے میں آئے کہلاتی ہے۔

(الف) علم　(ب) سائنس　(ج) آرٹ　(د) مذہب

(vi) تعلیم کے اہم وظائف کی تعداد ہے۔

(الف) چار　(ب) پانچ　(ج) چھ　(د) تین

(vii) ہمارے مقاصد تعلیم کی بنیاد ہے۔

(الف) ایمان　(ب) تقویٰ　(ج) احسان　(د) تینوں اقدار

(viii) بچے کا ذخیرہ الفاظ تیزی سے بڑھتا ہے۔

(الف) شیر خوارگی میں　(ب) بچپن میں　(ج) لڑکپن میں　(د) بلوغت میں

(ix) طفولیت میں انسانی نشوونما کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

(الف) ذخیرہ الفاظ سے　(ب) خود اعتمادی سے　(ج) خود انحصاری سے　(د) بولنے سے

(x) تعلیم کے ذریعے پیدا ہونے والی تبدیلیاں۔

(الف) مستقل قسم کی ہوتی ہیں　(ب) عارضی نوعیت کی ہوتی ہیں　(ج) طبعی قسم کی ہوتی ہیں　(د) نفسی حرکی قسم کی ہوتی ہیں

(xi) بچے کی تعلیم پر سب سے پہلے اس کے۔

(الف) ہم عمر بچے اثر انداز ہوتے ہیں　(ب) گھر کا ماحول اثر انداز ہوتا ہے

(ج) سیکھنے کے مقاصد اثر ڈالتے ہیں　(د) انفرادی اختلافات اثر انگیز کے طور پر کام کرتے ہیں

(xii) گھر بچے کی تربیت کرتا ہے۔

(الف) رسمی انداز میں　(ب) غیر رسمی انداز میں　(ج) نیم رسمی انداز میں　(د) کسی قسم کی تربیت نہیں کرتا

(xiii) علامہ اقبالؒ نے استاد کو معمار قرار دیا ہے۔

(الف) فکر انسانی (ب) روحِ انسانی (ج) نظریہ انسانی (د) مقصد انسانی

(xiv) طلباء کو سستی اور بیرونی کتب کو سستے ایڈیشن کی شکل میں فراہم کرتا ہے۔

(الف) ادارہ تعلیم و تحقیق (ب) نیشنل بک فاؤنڈیشن (ج) ادارہ جات نصاب (د) ہائر ایجوکیشن کمیشن

(xv) تعلیم کون سا بنیادی کام انجام دیتی ہے؟

(الف) علم کی منتقلی (ب) ثقافت کی حفاظت و منتقلی (ج) مہارتوں کی منتقلی (د) تینوں

ماڈل پیپر "ایجوکیشن"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

حصہ انشائی

وقت:2:10 گھنٹے   کل نمبر:60

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 18x2=36

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) ترجمہ لکھیں۔ وعلم آدم الاسماء کلھا

(ii) سوسائٹی کی تعریف بیان کریں؟

(iii) علم کے لغوی معنی لکھیں؟

(iv) سرمایہ دارانہ نظام کے تعلیمی مقاصد کیا ہیں؟

(v) تعلیم سے متعلق دو اداروں کے نام لکھیں؟

(vi) آرٹ سے کیا مراد ہے؟

(vii) نشوونما سے کیا مراد ہے؟

(viii) معاشرہ کی تشکیل میں تعلیم کے دو کردار لکھیں؟

(ix) غیر رسمی تعلیم کی مثال بیان کریں؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) بچپن میں ذہنی نشوونما بیان کریں۔

(ii) فرد کی ضروریات میں جسمانی صحت کی اہمیت بیان کریں۔

(iii) شیر خوارگی میں لسانی نشوونما بیان کریں؟

(iv) طفولیت کا عرصہ لکھیں؟

(v) بچے کے گھریلو ماحول سے کیا مراد ہے؟

(vi) ارسطو کے نزدیک انسان کی کیا حیثیت ہے؟

(vii) جذباتی اختلاف کو مثال سے بیان کریں؟

(viii) اسلامی نظریہ حیات کے مطابق علم کا سرچشمہ کون ہے؟

(ix) معاشرتی اختلاف کی مثال بیان کریں؟

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) ثقافتی ورثہ کیا ہے؟

(ii) ذہنی اختلاف کے دو درجات کے نام لکھیں

(iii) نیشنل بک فاؤنڈیشن کی ذمہ داری کیا ہے؟

(iv) بچپن سے کیا مراد ہے؟

(v) علامہ اقبال نے علم سے متعلق کیا فرمایا؟

(vi) بچپن میں جذباتی نشوونما بیان کریں؟

(vii) شیر خوارگی میں جسمانی نشوونما بیان کریں؟

(viii) دلچسپیوں میں اختلاف کی مثال بیان کریں؟

(ix) بلوغت کا آغاز لڑکوں میں کس عمر میں ہوتا ہے؟

حصہ دوم

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال نمبر 5- مختلف آراء کی روشنی میں تعلیم کا مفہوم واضح کریں۔

سوال نمبر 6 - علم التعلیم سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کا دائرہ کار بیان کریں۔

سوال نمبر 7- نشوونما سے کیا مراد ہے؟ اس کے مختلف مدارج بیان کریں۔

سوال نمبر 8- انفرادی اختلافات تعلم پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔

سوال نمبر 9- سکول اور کمیونٹی کے تعلقات میں بہتری لانے کے لئے کیا اقدامات کئے جانے چاہئیں۔